سید قلب حسن: یس سر۔ سر، سپلیمنٹری میرا اس میں یہ ہے کہ یہ جو کوسچنز میں نے کئے 2009-10 والے میں، اب میری ریکویسٹ ہے منسٹر صاحب سے کہ 2010-11 یا 2011-12 میں ان کا کوئی پلان ہے کہ یہ فیمیلی ویلفیئر سنٹرز کوہاٹ میں مزید بڑھائے جائیں گے؟

جناب سپیکر: جی آنریبل منسٹر صاحب۔

وزیر بہبود آبادی: سپیکر صاحب، ابھی تک جو ہم نے پی سی ون تیار کرکے، چونکہ یہ ڈیپارٹمنٹ ابھی تک فیڈرل گورنمنٹ کے پاس تھا تو ہم نے باقاعدہ پی سی ون فیڈرل گورنمنٹ کو آج سے دو سال پہلے Submit کیا تھا، اس میں Per Union Council ایک سنٹر ہم نے گورنمنٹ کو تجویز کیا تھا تو پورے پاکستان کیلئے دوبارہ پی سی ون اس پر بنا اور وہ ابھی تک پراسس میں تھا اور ECNEC میں ابھی تک ہمارا پی سی ون پڑا ہوا ہے جونہی اس کی Approval ہمیں مل جائے گی تو انشاء اللہ ہم نے جو Proposal بھیجی ہے تو اسی Per Union Council کے حساب سے ہم فیمیلی سنٹرز Establish کریں گے۔

Mr. Speaker: Ji, Next, Janab Shah Hussain Sahib, Question No. 1106. Not present. Sardar Shamoonyar Khan, Question No. 1107. Not present. Mufti Syed Janan Sahib, Question number, ji?

مفتی سید جانان: سوال نمبر 1111 جی۔

جناب سپیکر: جی۔

* 1111 _ مفتی سید جانان: کیا وزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ تحصیل ٹل کی تمام یونین کونسلز میں بنیادی مراکز صحت موجود نہیں ہیں؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ یونین کونسل کی سطح پر بی ایچ یوز بنانے کا کوئی طریقہ کار موجود ہے؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) تحصیل ٹل میں یونین کونسل کی بنیاد پر بی ایچ یوز کی تعداد بتائی جائے، نیز کن یونین کونسلوں میں بی ایچ یوز نہیں ہیں؛

(ii) بی ایچ یوز بنانے کا طریقہ کار بتایا جائے، نیز حکومت تحصیل ٹل کی تمام یونین کونسلوں میں بی ایچ یوز بنانے کا ارادہ رکھتی ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

سید ظاہر علی شاہ (وزیر صحت): (الف) تحصیل ٹل کی تمام یونین کونسلوں میں مراکز صحت موجود ہیں۔

(ب) جی ہاں۔

(ج) (i) تحصیل ٹل میں کل 9 یونین کونسلز ہیں اور ہر یونین کونسل میں مرکز صحت موجود ہے جن کی تفصیل درج ذیل ہے:

نمبر شمار	نام یونین کونسل	نام مرکز صحت
01	یو سی ٹل ون	سول ہسپتال ٹل
02	یو سی ٹل ٹو	سول ہسپتال ٹل
03	یو سی دلن	بی ایچ یو دلن، بی ایچ یو مانجی خیل
04	یو سی درسمند	بی ایچ یو درسمند
05	یو سی کاربوغہ	بی ایچ یو کاربوغہ
06	یو سی دوآبہ	سب ہیلتھ سنٹر دوآبہ، بی ایچ یو یوسہ روزی، زیر تعمیر کیٹگری ڈی ہسپتال دوآبہ
07	یو سی نریاب ٹو	بی ایچ یو شنہ وڑئ
08	یو سی نریاب	آر ایچ سی نریاب
09	یو سی تورہ وڑئ	سب ہیلتھ سنٹر تورہ وڑئ

(ii) بی ایچ یو بنانے کیلئے پہلے موزونیت (Feasibility report) پر مبنی رپورٹ تیار کی جاتی ہے، جس میں مندرجہ ذیل معلومات فراہم کی جاتی ہیں:

1۔ علاقے کی آبادی 5,000 تا 10, 000 ہونی چاہیئے۔

2۔ اردگرد میں 5 کلومیٹر کے فاصلے پر کوئی اور مرکز صحت نہ ہو۔

3۔ بی ایچ یو کو رسائی کیلئے پکا روڈ موجود ہو۔

4۔ بجلی اور پانی پہلے ہی سے موجود ہو۔

5۔ علاقے میں پرائمری سکول اور ڈاکخانہ بھی موجود ہو۔

(ii) چونکہ تحصیل ٹل کی ہر یونین کونسل میں مرکز صحت موجود ہے اسلئے محکمہ صحت خیبر پختونخوا تحصیل ٹل میں مزید کوئی بی ایچ یو بنانے کا فی الحال ارادہ نہیں رکھتا۔

جناب سپیکر: څه سپلیمنټري سوال پکښے شته؟

مفتی سید جانان: مطمئن یم جی، Withdraw یم ورنه جی، مطمئن یم۔

Mr. Speaker: Thank you, ji. Israrullah Khan Gandapur, Israrullah Khan Gandapur Sahib, Question No. 1112. Not present. Israrullah Khan Gandapur, Question No. 1113. Not present.

غیر نشاندار سوالات اور ان کے جوابات

981 _ جناب محمد جاوید عباسی: کیا وزیر داخلہ از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ گزشتہ دو سالوں کے دوران محکمہ پولیس نے گاڑیاں خریدی ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) محکمہ پولیس نے کتنی نئی گاڑیاں کتنی قیمت میں خریدی ہیں، مذکورہ گاڑیاں کن کن اضلاع کو دی گئی ہیں اور کن کن افسران کے زیر استعمال ہیں، تفصیل فراہم کی جائے؛

(ii) مذکورہ گاڑیوں میں سے دو یا اس سے زیادہ گاڑیاں جن افسران کے زیر استعمال ہیں، ان کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب امیر حیدر خان (وزیر اعلیٰ): (الف) جی ہاں، یہ درست ہے۔

(ب) (i) محکمہ پولیس نے گزشتہ دو مالی سالوں کے دوران جو گاڑیاں خریدی ہیں، ان کی تعداد، قیمت اور یونٹ نام جس کو الاٹ ہوئی ہے، مندرجہ ذیل ہیں:

نمبر شمار	گاڑیاں	تعداد	قیمت فی عدد	نام یونٹ جس کو الاٹ ہوئی ہیں
01	ٹویوٹا موٹر 1800 سی سی	03	1.352 ملین	سپیشل برانچ تین عدد
02	جیپ پراڈو 3000 سی سی	32	4.425 ملین	پشاور 04، مردان 02، سوات 02، کوہاٹ 02، بنوں 02، ڈی آئی خان 02، ایبٹ آباد 02، سپیشل برانچ 01، ڈی سی ٹی 01، انوسٹی گیشن 02، ٹریفک 01، سی پی او 06، ٹیلی کمیونیکیشن 01، ایلیٹ فورس 01، پی ٹی سی ہنگو 01، ایف آر پی 01، پول 01
03	جیپ اسٹیشن ویگن 4500 سی سی	01	7.630 ملین	سی پی او ایک عدد
04	جیپ اسٹیشن ویگن 4500 سی سی	02	8.030 ملین	پشاور دو عدد (سی ایم سکواڈ)
05	جیپ لینڈ کروزر 4200 سی سی	10	8.025 ملین	چارسدہ 01، صوابی 01، ہنگو 01، ٹیلی کمیونیکیشن 03، وی وی آئی پی ڈیوٹی پشاور 03، مردان 01
06	جیپ اسٹیشن ویگن 4500 سی سی	01	15.035 ملین	پشاور 01 عدد (گورنر P/Escort)
07	پک اپ ٹویوٹا 3000 سی سی	08	1.084 ملین	سوات 05، بنوں 03

08	پک اپ ٹویوٹا 3000 سی سی	05	1.27 ملین	پشاور 06، نوشہرہ 01، مردان 03، صوابی 01، سوات 02، لوئر دیر 02، اپر دیر 01، بونیر 01، کوہاٹ 02، کرک 01، بنوں 03، لکی 01، ڈی آئی خان 02، ٹانک 02، ایبٹ آباد 01، مانسہرہ 01، سی پی او 01، سپیشل برانچ 02، ڈی سی ٹی 01، ایف آر پی 01، پی ٹی سی ہنگو 01، ٹیلی کمیونیکیشن 02، انوسٹی گیشن 02، وی وی آئی پی 08، ٹریفک 02
09	پک اپ ٹویوٹا 3000 سی سی	43	1.064 ملین	بی ڈی ایس 01، مانسہرہ 01، بٹگرام 02 کوہستان 02، سوات 02، لوئر دیر 02، دیر اپر 01، شانگلہ 02، بونیر 02، پشاور 05، سپیشل برانچ 01، ٹریفک 01، ڈی سی ٹی 01، ٹیلی کمیونیکیشن 02، وی وی آئی پی 05، چارسدہ 01، نوشہرہ 01، مردان 01، صوابی 01، کوہاٹ 01، ہنگو 01، لکی 01، بنوں 01، ٹانک 01، ایبٹ آباد 01، ہری پور 01، کرک 01 ایف آر پی 01
10	پک اپ شہزور 2600 سی سی	59	0.690 ملین	پشاور 11، چارسدہ 03، نوشہرہ 02، مردان 03، صوابی 02، سوات 05، دیر اپر 01، کوہاٹ 02، ہنگو 01، کرک 01، بنوں 03، لکی 01، ڈی آئی خان 03، ٹانک 01، ایبٹ آباد 03، ہری پور 02،

				مانسہرہ 01، بٹگرام 01، سپیشل برانچ 01، ایف آر پی 01، سی پی او 01، انوسٹی گیشن 02، ٹریفک 01، آر ٹی ڈبلیو مانسہرہ 02، پی ٹی سی ہنگو 01، پول 01، بی ڈی ایس 02، ڈی سی ٹی 01
11	پک اپ ٹویوٹا 3000 سی سی 4x4	01	2.619 ملین	سوات ایک عدد
12	پک اپ ٹویوٹا 3000 سی سی	34	1.034 ملین	پشاور 29، چارسدہ 01، ہنگو 03، پول 01
13	پک اپ ٹویوٹا 3000 سی سی	75	1.379 ملین	پشاور 09، چارسدہ 04، نوشہرہ 03، سوات 14، دیر لوئر 06، دیر اپر 02، شانگلہ 02، چترال 05، کوہاٹ 05، ہنگو 01، کرک 02، بنوں 03، لکی 03، ڈی آئی خان 11، ٹانک 03، ایبٹ آباد 02، مانسہرہ 02، کوہستان 02، سی پی او 03، ایف ار پی 03، ٹریفک 06، ٹیلی کمیونیکیشن 02، بی ڈی ایس 07، ڈی سی ٹی 02، ٹریفک 07، ایلیٹ فورس 18، بونیر 13، مردان 28، صوابی 07
14	پک اپ ٹویوٹا 3000 سی سی	57	1.379 ملین	
15	پک اپ ٹویوٹا 3000 سی سی	41	1.399 ملین	
16	پک اپ ٹویوٹا 3000 سی سی 4x4	02	3.165 ملین	پشاور 02 (گورنر P/Escort)
17	بس ہینو 4009 سی سی	09	2.30 ملین	صوابی 01، شانگلہ 01، بونیر 01، ڈی سی ٹی 01، ایف آر پی 01، ہنگو 01، ٹانک

				01، بٹگرام 01، مردان 01
18	بس ڈائیو 8071 سی سی	01	2.730 ملین	آر ٹی ڈبلیو مانسہرہ ایک عدد
19	بس ڈائیوو 8071 سی سی	19	2.633 ملین	پشاور 02، چارسدہ 01، نوشہرہ 01، مردان 01، سوات 01، کوہاٹ 01، کرک 01، بنوں 01، ڈی آئی خان 01، ایبٹ آباد 01، مانسہرہ 01، ہری پور 01، سپیشل برانچ 01، ایف آر پی 01، سی پی او 01، لکی 01، پی ٹی سی ہنگو 01، ٹریفک 01
20	ٹرک ہینو 4009 سی سی	01	1.655 ملین	آر ٹی ڈبلیو مانسہرہ ایک عدد
21	ٹرک ہینو 4009 سی سی	18	1.625 ملین	پشاور 01، مردان 01، سوات 01، دی لوئر 01، اپر دیر 01، شانگلہ 01، کوہاٹ 01، ہنگو 01، کرک 01، بنوں 01، لکی 01، ٹانک 01، بٹگرام 01، کوہستان 01، ٹیلی کمیونیکیشن 01، ٹریفک 02، ایف آر پی 01
22	ایمبولینس 3000 سی سی	01	2.275 ملین	آر ٹی ڈبلیو مانسہرہ ایک عدد
23	ایمبولینس 3000 سی سی	01	3.219 ملین	مردان ایک عدد
24	APC (محافظ)	02	11.10 ملین	ڈی سی ٹی 02 عدد

			2400سی سی	
مردان دوعدد	1.350ملین	02	فورک لفٹر 2369سی سی	25
مردان ایک عدد	4.275ملین	01	کوسٹر 4009 سی سی	26
		474	کل تعداد	

(ii) مندرجہ بالا گاڑیوں میں سے کسی بھی افسر کو دو یا دو سے زائد گاڑیاں نہیں دی گئی ہیں۔

1177 _ جناب نصیر محمد میداد خیل: کیا وزیر جنگلات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ باران ڈیم مروت کینال کے آخری حصے تاجہ زئی تک شیشم اور کیکر کے درخت لگائے گئے تھے؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ تعداد میں کمی واقع ہوئی ہے؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) باران ڈیم مروت کینال کے آخری حصے تاجہ زئی تک مین کینال بناتے وقت کل کتنے شیشم اور کیکر کے درخت لگائے گئے تھے؛

(ii) ماہ اپریل 2010ء تک کل کتنے درخت باقی رہ گئے ہیں، کمی کی وجوہات بیان کی جائیں، نیز مذکورہ کمی پر محکمہ کی جانب سے کیا اقدامات اٹھائے گئے ہیں اور ان سے کیا نتائج برآمد ہوئے ہیں، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب واجد علی خان (وزیر ماحولیات): (الف) ہاں۔

(ب) ہاں۔

(ج) (i) باران ڈیم مروت کینال پر شیشم، کیکر اور دیگر اقسام کے لگائے گئے درختان کی تعداد اس وقت میسر نہیں کیونکہ اعداد و شمار کے متعلق کوئی تازہ سروے نہیں ہوا ہے، تاہم بدا وران 1991 کرم گھڑی ورکنگ پلان کے مطابق کل 91460 درختان کا اعداد و شمار کیا گیا تھا۔

(ii) بوجہ ناگفتہ بہ حالت کو مدنظر رکھ کر اس وقت باقیماندہ درختان کی تفصیل بنانا ممکن نہیں کیونکہ کچھ عرصہ سے مذکورہ علاقہ کے حالات انتہائی کشیدہ ہیں، وہاں پر سرکاری عملہ اور وسائل کا آزادانہ نقل و

حرکت خطرے سے باہر نہیں۔ علاوہ ازیں مذکورہ کام کیلئے معقول وقت اور مناسب فنڈز کی فراہمی کے ساتھ ساتھ سٹاف کا تحفظ اولین ترجیحات میں شامل ہے، نیز مذکورہ کمی کے سلسلے میں محکمہ نے درج ذیل اقدامات اٹھائے ہیں:

- محکمہ نے مختلف دورانیے میں وقتاً فوقتاً مذکورہ نقصان کو روکنے کے سلسلے میں ریڈ پارٹی تشکیل کی تھی، جس پر نامزد ملزمان نے فائرنگ تک کھول دی، لہذا محکمہ نے ضلعی انتظامیہ اور قانون نافذ کرنے والے ادارے مثلاً پولیس اور ایف سی کی مدد طلب کی ہے لیکن ہمیشہ کیلئے بے بسی کے سوا کوئی راست جواب نہیں ملا ہے۔
- ملزمان کے خلاف باقاعدہ محکمانہ کارروائی کی گئی ہے جو کہ ریکارڈ پر موجود ہے۔ اس وقت ضلع بنوں اور لکی مروت کے مختلف عدالتوں میں کل 1835 کیسز زیر سماعت ہیں جن کی مالیت -/1,38,01,106 روپے ہے۔
- مختلف دورانیے میں کل 16512 مکسر فٹ لکڑی بحق سرکار ضبط کر کے نیلامی سے مبلغ -/13,18,669 روپے آمدن وصول ہو چکی ہے۔
- اسی طرح مختلف دورانیے میں مختلف پولیس سٹیشنوں میں نامزد ملزمان کے خلاف ایف آئی آر درج کی گئی ہیں جو کہ ریکارڈ پر موجود ہیں۔

اس کے علاوہ مختلف دورانیے میں ملزمان سے -/27,26,214 روپے بطور عوضانہ وصول پا کر سرکاری خزانے میں جمع کئے گئے ہیں جو کہ ریکارڈ پر موجود ہیں۔

1178 _ محترمہ نور سحر: کیا وزیر جنگلات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ گزشتہ سال تقریباً دس لاکھ مکعب فٹ لکڑی چترال سپلائی کی گئی تھی، جس میں بمشکل دس فیصد لکڑی ونڈ فال کی تھی؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ چترال کی بااثر شخصیت کی ایف ڈی سی کے اہلکاروں سے ملی بھگت کے باعث لاکھوں مکعب فٹ لکڑی دیگر اضلاع کو سپلائی کی جاتی ہے؛

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ محکمے کی ملی بھگت سے ٹھیکیدار مقررہ حد سے بڑھ کر لکڑی کاٹ کر سپلائی کرتے ہیں جو کہ جنگلات کے خاتمے کا باعث ہے؛

(د) آیا یہ درست ہے کہ کمیونٹی کو پچاس اور ساٹھ روپے فی فٹ کے حساب سے دیئے جاتے ہیں جبکہ یہی لکڑی مارکیٹ میں پچیس سو روپے فی فٹ کے حساب سے فروخت کی جاتی ہے، نیزJFMCs برائے نام بنے ہیں اور ٹمبر مافیا بھی اس میں شامل ہے;

(ہ)اگر (الف)تا(د) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) مذکورہ عرصے میں کتنے افراد کو غیر قانونی لکڑی کاٹنے اور دیگر اضلاع کو سپلائی کرنے کے جرم میں سزادی گئی ہے، کیس کی تفصیل فراہم کی جائے;

(ii) محکمے کے کتنے افراد کو غیر قانونی درخت کاٹنے اور سپلائی میں بااثر افراد کو مدد دینے کے جرم میں کارروائی کا سامنا کرنا پڑااور کتنے اہلکاروں کو سزا ہوئی، نام اور عہدہ کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

<u>جناب واجد علی خان (وزیر ماحولیات):</u> (الف) یہ درست نہیں ہے کہ چترال کو دس لاکھ فٹ لکڑی سپلائی ہوئی ہے، البتہ بذریعہ ایف ڈی سی (FDC) ڈرائی ونڈ فال کی ہارویسٹنگ (کٹائی، چرائی و ڈھلائی) کر کے 2,64,365مکسر فٹ لکڑی چترال سے چکدرہ ٹمبر مارکیٹ سپلائی کی گئی ہے۔

(ب) یہ درست نہیں ہے۔ابھی تک محکمہ جنگلات چترال کے علم و مشاہدے میں ایسا کوئی واقعہ نہیں آیا ہے،جنگل میں کٹائی، چرائی اور ڈھلائی کا کام بذریعہ ایف ڈی سی(FDC) مکمل کیا جاتا ہے۔

(ج) یہ بھی درست نہیں ہے،کیونکہ ایف ڈی سی (FDC) کے کام کی نگرانی خود(FDC) محکمہ جنگلات اور مقامی لوگ جوائنٹ فارسٹ مینجمنٹ کمیٹی (Joint Forest Management Committee) کی شکل میں باقاعدگی سے کرتے ہیں،اس کے علاوہ محکمہ جنگلات میں ایک مانیٹرنگ سیل بھی بذریعہ نوٹیفکیشن نمبر SO(Tech)ED/V-475/2008/KC محررہ 14-07-2009 قائم کیا گیا ہے جو کہ ایف ڈی سی (FDC) کے کاموں کی باقاعدہ نگرانی کرتا ہے،اپنی ماہوار رپورٹ محکمہ ماحولیات کو پیش کرتا ہے۔مزید یہ کہ محکمہ جنگلات چالیس فیصد (40%) سے زائد برآمدگی کی اجازت نہیں دیتا، لہذامقررہ حد سے زیادہ لکڑی لے جانا ممکن ہی نہیں ہے۔

(د) یہ بھی درست نہیں،کیونکہ فارسٹ آرڈیننس 2002ء کمیونٹی پارٹیسپیشن رولز کے تحت جنگل فروخت نہیں کیا جا سکتا، فروختگی جنگل سے متعلق سارے ایگریمنٹ منسوخ ہیں،تب بھی محکمہ جنگلات چترال کی طرف سے ساٹھ فیصد رائلٹی ڈسٹرکٹ ریونیو آفیسر(DRO) کو اصل مالکان میں تقسیم کیلئے اس ہدایت کے ساتھ بھیجی جاتی ہے کہ رقم اصل مالکان میں تقسیم کی جائے، نیز جے ایف ایم سی(JFMC)

مقامی لوگ اپنی مشاورت دو تہائی اکثریت سے بناتے ہیں اور محکمہ جنگلات (Khyber Pakhtunkhwa Province Joint Forest Management Community Participation Rules 2004)کے تحت رجسٹرڈ کراتے ہیں۔

(و) (i) چونکہ (الف) سے لیکر (د) تک کے جوابات اثبات میں نہیں ہیں، لہذا تفصیلات کی ضرورت نہیں۔

(ii) ایضاً۔

1244 _ محترمہ نورسحر: کیاوزیر ماحولیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ مارچ تا جون 2010ء میں محکمہ وائلڈلائف میں بھرتیاں کی گئی ہیں;

(ب) آیا یہ درست ہے کہ مذکورہ پوسٹوں کیلئے ٹیسٹ وانٹرویو کئے گئے ہیں;

(ج) اگر (الف) و(ب) کا جواب اثبات میں ہوں تو:

(i) مذکورہ عرصے میں کتنے افراد بھرتی کئے گئے ہیں;

(ii) بھرتی شدہ افراد کے نام، عہدہ واخباری اشتہار کی تفصیل فراہم کی جائے، نیز کتنے امیدواروں کو انٹرویو کیلئے طلب کیا گیا اور مذکورہ افراد کس کی سفارش پر بھرتی کئے گئے، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب واحد علی خان (وزیر ماحولیات): (الف) جی ہاں، یہ درست ہے۔ مذکورہ عرصے میں خیبر پختونخوا وائلڈلائف ڈویژن میں بھرتیاں کی گئی ہیں۔

(ب) جی ہاں، یہ درست ہے۔

(ج) (i) مذکورہ عرصے میں کل گیارہ افراد بھرتی کئے گئے ہیں۔

(ii) بھرتی شدہ افراد کے نام اور عہدہ کی تفصیل درج ذیل ہے:

نمبر شمار	ضلع	نام	عہدہ
01	مردان	محمد اسحاق	ڈپٹی رینجر
02	ایضاً	عباس محمد	ڈپٹی رینجر
03	ایضاً	احمد بادشاہ	ڈپٹی رینجر
04	ایضاً	فضل مالک	وائلڈلائف واچر
05	ایضاً	جاوید خان	وائلڈلائف واچر
06	ایضاً	اعتبار خان	وائلڈلائف واچر

07	ایضاً	بشارت خان	وائلڈلائف واچر
08	ایضاً	نواز خان	وائلڈلائف واچر
09	بونیر	جمشید اقبال	ڈپٹی رینجر
10	ایضاً	نجیب اللہ	وائلڈلائف واچر
11	ایضاً	ناظر علی	ڈرائیور

مندرجہ بالا پوسٹوں کیلئے 429 امیدواروں کو انٹرویو کیلئے طلب کیا گیا، جن میں مذکورہ گیارہ افراد بھرتی کئے گئے ہیں، تمام بھرتیاں میرٹ کے بنیاد پر کی گئی ہیں اور تمام قانونی تقاضے پورے کئے گئے ہیں۔

اخباری اشتہار کی کاپیاں فراہم کی گئیں۔

891 _ جناب بادشاہ صالح: کیا وزیر بہبود آبادی از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ پورے ملک اور خاص کر صوبہ پختونخوا کی آبادی بڑی تیزی سے بڑھ رہی ہے؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ صوبہ خیبر پختونخوا کے مختلف مقامات پر بہبود آبادی کے مراکز قائم ہیں؛

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ ان مراکز پر قومی خزانے سے ایک بہت بڑی رقم خرچ کی جارہی ہے؛

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) ان مراکز میں کل کتنے ملازمین کام کر رہے ہیں؛

(ii) ان مراکز سے اب تک کل کتنے لوگ مستفید ہوئے ہیں؛

(iii) آبادی پر کس حد تک کنٹرول کیا گیا ہے اور لوگوں میں شعور پیدا کرنے اور آبادی کو کنٹرول کرنے کیلئے مذکورہ مراکز کیا اقدامات کر رہے ہیں، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب سلیم خان (وزیر بہبود آبادی): (الف) جی ہاں، یہ درست ہے کہ پورے ملک کی آبادی تیزی سے بڑھ رہی ہے اور اسی بڑھتی آبادی کے سیلاب کو روکنے اور اعتدال پر لانے کیلئے ہی محکمہ بہبود آبادی پوری تندہی سے کام کر رہا ہے۔ یہ عملہ ہذا کی ہی کاوشوں کا نتیجہ ہی ہے کہ شرح نمو 3.12% سے کم ہو کر 1.9% تک ہو گئی ہے جبکہ محکمہ ہذا کا ہدف اس کو سال 2020 تک 1.3% تک لانا ہے۔

(ب) جی ہاں، صوبہ خیبر پختونخوا کے 24 اضلاع کے تمام دور آفتادہ علاقوں میں محکمہ ہذا کے مراکز قائم ہیں اور عوام کو خاندانی منصوبہ بندی، زچہ بچہ کی صحت اور تمام عمومی امراض کے علاج سے متعلق سہولیات ان کی دہلیز پر پہنچا رہے ہیں۔

(ج) تمام دوسرے حکومتی اداروں کی طرح محکمہ ہذا بھی منظور شدہ بجٹ کے اندر رہتے ہوئے اپنے فرائض پوری تندہی سے انجام دے رہا ہے تاہم موجودہ معاشی بحران کی وجہ سے محکمہ ہذا کو اس کی ضرورت سے کم بجٹ دیا گیا ہے اور محکمہ ہذا اس محدود وسائل کے اندر رہتے ہوئے بھی عوامی فلاح و بہبود کے کام کو پوری تندہی سے انجام دے رہا ہے جبکہ اس مالی سال کے دوران 574 ملین کا بجٹ منظور ہوا ہے۔

(د) (i) تفصیل درج ذیل ہے:

نام مرکز	کل مراکز	کل ملازمین
فلاحی مراکز	422	2110
تولیدی صحت مراکز (الف)	21	215
موبائل سروس یونٹ	30	90
سوشل موبلائزر (مرد)	---	544

(ii) تفصیل درج ذیل ہے:

- استعمال کنندگان مانع حمل ادویات 48,92,400
- موکلات برائے تولیدی صحت 7,06,200
- امراض عامہ و بچہ 35,59,128

میزان 91,57,728

کپل ییئر پروٹیکشن (CYP) 40,12,119

(برائے عرصہ گزشتہ PC-1 2003-2009)

(iii) محکمہ ہذا کی اب تک کی کاوشوں کی وجہ سے شرح نمو 3.12% سے کم ہو کر 1.9% تک ہو گئی ہے جبکہ محکمہ ہذا کا ہدف اس کو سال 2020 تک 1.3% تک لانا ہے، اس مقصد کیلئے تمام مراکز میں تربیت یافتہ سٹاف، کنبہ کو چھوٹا رکھنے، ماں بچے کی صحت اور تمام عمومی امراض کے علاج سے متعلق سہولیات ان کی دہلیز پر پہنچانے کیلئے ہمہ وقت سرگرم عمل ہیں جبکہ اب تک 98% لوگ خاندانی منصوبہ بندی کے بارے میں آگاہی اور شعور رکھتے ہیں۔

973 _ جناب جعفر شاہ: کیا وزیر بہبود آبادی از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ ہذا نے کافی عرصہ پہلے سوشل موبلائزر (مرد) کی آسامیوں پر کوالیفائیڈ لوگوں کو بھرتی کیا ہے؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ ان ملازمین کو فکسڈ ماہانہ تنخواہ مبلغ -/4,000 روپے ادا کی جاتی ہے؛

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ ان ملازمین کو سرکاری و غیر سرکاری اداروں کی طرح مراعات نہیں دی جارہی ہیں؛

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو آیا حکومت مذکورہ ملازمین کو مستقل کرنے اور سرکاری ملازمین کی طرح مراعات دینے کا ارادہ رکھتی ہے۔

<u>جناب سلیم خان (وزیر بہبود آبادی):</u> (الف) جی ہاں۔

(ب) جی ہاں۔

(ج) جی نہیں، تاہم ان اہلکاروں کو ماہانہ اعزازیہ مبلغ -/4,000 روپے کے علاوہ مبلغ -/1,000 اور -/200 روپے موٹر سائیکل / سائیکل الاؤنس بالترتیب دیا جاتا ہے۔

(د) جی نہیں، اسلئے کہ میل موبلائزر، سوشل موبلائزر (مرد) محکمہ ہذا کے ساتھ صرف رجسٹرڈ ہیں اور وہ سرکاری ملازمین کے دائرہ کار میں نہیں آتے۔

977 _ <u>جناب محمد جاوید عباسی:</u> کیا وزیر بہبود آبادی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع ہنگو سے بہبود آبادی کا آفیسر اغوا کیا گیا تھا؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ اغوا کنندگان ان کے دفتر کا تمام سامان بمعہ گاڑیاں ساتھ لے گئے تھے؛

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ آفیسر دفتر میں رہائش پذیر تھا؛

(د) آیا یہ بھی درست ہے کہ ضلعی بہبود آبادی آفیسر کے خلاف انکوائری کی گئی تھی؛

(ھ) آیا یہ بھی درست ہے کہ انکوائری رپورٹ میں مذکورہ آفیسر کو کسی بھی ایڈمنسٹریٹیو پوسٹ پر تعینات نہ کرنے کی سفارش کی گئی تھی؛

(و) اگر (الف) تا (ھ) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) ضلعی بہبود آبادی آفیسر کے خلاف کی گئی انکوائری کی رپورٹ اور اس پر کی گئی کارروائی کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے؛

(ii) مذکورہ آفیسر کو کس کی سفارش پر ضلعی بہبود آبادی آفیسر کوہستان تعینات کیا گیا ہے؛

(iii) آیا محکمہ نے ضلعی بہبود آبادی آفیسر کے خلاف Internal اور External Audit کیا تھا، مکمل تفصیل اور دونوں آڈٹ رپورٹس کی کاپیاں فراہم کی جائیں؟

جناب سلیم خان (وزیر بہبود آبادی): (الف) جی ہاں۔

(ب) جی ہاں، اغوا کنندگان گاڑیوں سمیت دفتر کا سامان ساتھ لے گئے تھے، جن کی تفصیل انکوائری رپورٹ میں درج ہے۔

(ج) جی ہاں۔

(د) جی ہاں۔

(ھ) جی ہاں۔

(و) (i) انکوائری رپورٹ اور کارروائی کی مکمل تفصیل فراہم کی گئی۔

(ii) چونکہ کوہستان Hard area ہے، ہر افسر کو صوبائی حکومت کی پالیسی کے تحت اپنا Tenure پورا کرنا ضروری ہوتا ہے۔ مذکورہ افسر کو اسی جواز کے پیش نظر تعینات کیا گیا، بہر حال BPS-18 کے افسر کی دستیابی کے بعد مذکورہ افسر کو اپنے عہدے پر تعینات کیا جائے گا۔

(iii) جی ہاں، محکمہ نے مذکورہ آفیسر کے خلاف دونوں Internal and external Audit کیا تھا۔ دونوں کی کاپیاں فراہم کی گئی۔

1106 _ جناب شاہ حسین خان: کیا وزیر صحت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ لیڈی ریڈنگ ہسپتال صوبے کا بڑا ہسپتال ہے؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ ہسپتال میں نیورو سرجری کی سہولت بمعہ ماہر ڈاکٹرز موجود ہے؛

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ ڈاکٹرز حضرات آپریشن کے قابل مریضوں کو پرائیویٹ ہسپتالوں میں راغب کرنے کیلئے مریضوں کو ویٹنگ لسٹ پر ڈالتے ہیں؛

(د) آیا یہ بھی درست ہے کہ ویٹنگ لسٹ کے انتظار میں زیادہ تر غریب مریض پرائیویٹ ہسپتالوں / ڈاکٹروں کی فیس جمع نہیں کر سکتے اور موت کے منہ میں چلے جاتے ہیں؛

(ھ) اگر (الف) تا (د) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) مذکورہ ہسپتال میں نیورو سرجری کے کل کتنے بیڈز ہیں اور ماہر ڈاکٹروں کی کل کتنی منظور شدہ آسامیاں ہیں، نیز موجودہ وقت کل کتنے ماہر ڈاکٹرز خدمات سرانجام دے رہے ہیں، ان کے نام، عہدہ، تعلیمی قابلیت اور موجودہ پوزیشن کی تفصیل فراہم کی جائے؛

(ii) ہسپتال کے ہر نیورو ماہر ڈاکٹر ہفتے میں کل کتنے آپریشنز کرتے ہیں، نیز گزشتہ ایک سال کے دوران کل کتنے آپریشنز کئے گئے ہیں، مریض کا نام، پتہ، آپریشن کی نوعیت، ڈاکٹر کا نام اور ہر ایک ڈاکٹر کی ماہانہ اور ہفتہ کی بنیاد پر آپریشنوں کی سالانہ تفصیل الگ الگ فراہم کی جائے؛

(iii) ویٹنگ لسٹ پر اگلے چھ مہینوں کی مریضوں کی تعداد، مریض کا نام، پتہ، آپریشن کی نوعیت، ڈاکٹر کا نام اور ہر ماہر ڈاکٹر کی ماہانہ اور ہفتہ کی بنیاد پر آپریشنوں کی تفصیل الگ الگ فراہم کی جائے؛

(iv) آیا حکومت لیڈی ریڈنگ ہسپتال کے شعبہ نیورو سرجری میں بستروں کی تعداد میں اضافہ کرنے اور ماہر ڈاکٹروں کی کمی کو پورا کرنے کیلئے اقدامات کرنے کا ارادہ رکھتی ہے تاکہ صوبے کے غریب عوام ہسپتال کی سہولیات سے استفادہ کر سکیں، اگر نہیں تو وجوہات بتائی جائیں؟

<u>سید ظاہر علی شاہ (وزیر صحت)</u>: (الف) جی ہاں۔

(ب) جی ہاں۔

(ج) جی نہیں۔

(د) جی نہیں۔

(ھ) (i) موجودہ نیورو سرجری وارڈ میں مریضوں کیلئے 36 بیڈز ہیں، علاوہ ازیں مذکورہ وارڈ میں (نیوروٹراما) مریضوں کیلئے 18 مزید بیڈز کا بندوبست ہے اور اس کے علاوہ نیورالوجی وارڈ کے ساتھ ایک مشترکہ 9 بیڈز پر مشتمل ایک انتہائی نگہداشت کا وارڈ (ICU) موجود ہے، جہاں انتہائی بیمار مریضوں کو داخل کیا جاتا ہے۔

مذکورہ وارڈز میں ماہر ڈاکٹرز موجود ہیں، جن کی تفصیل درجہ ذیل ہے:

(1) ایسوسی ایٹ پروفیسر ڈاکٹر ممتاز (MBBS, FCPS, Neuro)

(2) اسسٹنٹ پروفیسر ڈاکٹر محمد صدیق (MBBS, FCPS, Neuro)

(3) سینیئر رجسٹرار (ٹریننگ کنسلٹنٹ) ڈاکٹر خالد خانزادہ (MBBS, FCPS, Neuro)

(4) سینیئر رجسٹرار (ٹریننگ کنسلٹنٹ) ڈاکٹر شاہد ایوب (MBBS, FCPS, Neuro)

(ii) مذکورہ وارڈز میں ہر ہفتے چار دن آپریشنز کیلئے مختص ہیں، گزشتہ ایک سال کی تفصیل فراہم کی گئی۔

(iii) ویٹنگ لسٹ پر مریضوں کی تعداد کی تفصیل فراہم کی گئی۔

(iv) ماہر ڈاکٹروں کی کمی پورا کرنے کا مسئلہ حکومت کے زیر غور ہے۔

1107 _ سردار شمعون یار خان: کیا وزیر صحت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع ایبٹ آباد میں سول ہسپتال، بی ایچ یوز اور سول ڈسپنسریاں موجود ہیں؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ مراکز صحت میں ڈاکٹر اور دیگر عملہ تعینات ہے اور ان کی تعیناتی دو سال کیلئے کی جاتی ہے؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) حلقہ PF-45 میں مراکز صحت کی تعداد بتائی جائے؛

(ii) مذکورہ مراکز صحت میں کل کتنے ڈاکٹرز اور دیگر عملہ تعینات ہے، ان کے نام اور کیڈرز کی تفصیل، نیز ان کی تعیناتی کتنا عرصہ پہلے کی گئی تھی، کی تفصیل بھی فراہم کی جائے؟

سید ظاہر علی شاہ (وزیر صحت): (الف) جی ہاں۔

(ب) جی ہاں، مگر تعیناتی کی مدت مخصوص نہیں ہوتی۔

(ج) (i) حلقہ پی ایف 45 ایبٹ آباد میں کل 24 مراکز صحت موجود ہیں۔

(ii) مذکورہ مراکز صحت میں تعینات شدہ عملہ کی تفصیل مندرجہ ذیل ہے:

1۔	ڈاکٹرز	6
2۔	پیرامیڈیکس	49
3۔	کلاس فور	141

تعیناتی کی تفصیل فراہم کی گئی۔

1112 _ جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: کیا وزیر صحت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حلقہ پی ایف 67 میں مختلف بی ایچ یوز، آر ایچ سیز، سول ڈسپنسریاں اور دیگر مراکز صحت موجود ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ مراکز صحت کی تفصیل محل وقوع بمعہ یونین کونسل فراہم کی جائے؛

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ مراکز صحت کو مرمت کیلئے سالانہ بنیادوں پر فنڈز بھی فراہم کئے جاتے ہیں;

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جواب اثبات میں ہوں تو 03-2002 تا 10-2009 کے مذکورہ مراکز صحت کو مرمت کی مد میں کتنا فنڈ فراہم کیا گیا ہے، ہر سال کی علیحدہ تفصیل فراہم کی جائے؟

<u>سید ظاہر علی شاہ (وزیر صحت)</u>: (الف) جی ہاں۔

(ب) مطلوبہ تفصیل درج ذیل ہے:

نمبر شمار	ہسپتال	یونین کونسل
01	سول ہسپتال کلاچی	کلاچی
02	آر ایچ سی کڑی شموزئی	کڑی شموزئی
03	سول ہسپتال چودھوان	چودھوان
04	بی ایچ یو مٹ	چودھوان
05	کوٹ تگہ ذیلی مرکز صحت	چودھوان
06	سول ہسپتال درابن	درابن
07	بی ایچ یو جنڈی بابڑ	چودھوان
08	بی ایچ یو موسیٰ زئی	موسیٰ زئی
09	بی ایچ یو کوٹ عیسیٰ خان	موسیٰ زئی
10	بی ایچ یو گرد عیسیٰ خان	موسیٰ زئی
11	گرہ مدہ	لوئی
12	سول ڈسپنسری روڑی	لوئی
13	سول ڈسپنسری گرہ بختیار	لوئی
14	سول ڈسپنسری لوئی	لوئی
15	بی ایچ یو نگوڑا	ہتھالہ
16	بی ایچ یو میر بازی	ہتھالہ
17	سول ڈسپنسری ہتھالہ	ہتھالہ

18	سول ڈسپنسری مجت	ہتھالہ
19	بی ایچ یو مڈی	مڈی
20	بی ایچ یو منگل	منگل
21	ذیلی سنٹر بزدار	کڑی شموزئی

(ج) 2002 سے لے کر 10-2009 تک کسی قسم کے فنڈز مرمت کی مد میں صوبائی حکومت کی طرف سے فراہم نہیں کئے گئے۔

(د) اس سلسلے میں محکمہ C&W کا ایک تحریری لیٹر بحوالہ نمبر 1136/30-M مورخہ 07-05-2010 کے تحت جس میں محکمہ C&W نے اپنے تحریری مندرجہ بالا لیٹر میں واضح کیا ہے کہ 2002 سے لیکر 10-2009 تک کسی قسم کے فنڈز نہیں ہیں۔ لیٹر نمبر 1136/30-M dated 07-05-2010 کی کاپی ملاحظہ کی گئی۔

1113 _ جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: کیا وزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع ڈیرہ اسماعیل خان کی تحصیل کلاچی علاقہ درابن میں (حلقہ پی ایف 67) بی ایچ یوز روڑی، گرومدہ، جنڈی بابڑ، سول ڈسپنسری روڑی اور دیگر مراکز صحت انتہائی مخدوش حالت میں ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو حکومت ان کی کب تک بحالی کا ارادہ رکھتی ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

سید ظاہر علی شاہ (وزیر صحت): (الف) جی ہاں۔

(ب) محکمہ صحت خیبر پختونخوا نے صوبہ کے ان جیسے تمام مراکز صحت کی بحالی کے غرض سے سالانہ ترقیاتی پروگرام 11-2010 میں ایک علیحدہ منصوبہ "Improvement/Rehabilitation of exisiting Health Outlets in 10 Districts of Khyber Pakthunkwa (Phase -VI) ADP No. 215" کے نام سے شامل کیا ہے۔ رواں سال سیلاب کی تباہ کاریوں کیلئے فنڈز کی فراہمی کی وجہ سے اس منصوبے کے مختص شدہ فنڈز منجمد ہیں جونہی اس منصوبے کے فنڈز بحال کئے جائیں گے، مذکورہ مراکز صحت پر بحالی کا کام سالانہ ترقیاتی پروگرام 11-2010 کے مذکورہ منصوبے کی باقاعدہ منظوری کے بعد شروع کیا جائے گا۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: جناب سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: ایک منٹ جی، ذرا ہاؤس کو 'کمپلیٹ' ہونے دیں، اس کے بعد کہ یہ ہاؤس 'کمپلیٹ' ہو جائے۔

اراکین کی رخصت

جناب سپیکر: کچھ معزز اراکین نے رخصت کیلئے درخواستیں ارسال کی تھیں، چونکہ بروز جمعہ مورخہ 31 دسمبر 2010 کو کورم پورا نہ ہونے کی وجہ سے اجلاس ملتوی کرنا پڑا اور رخصت کی درخواستیں آپ سے منظور نہ ہو سکیں تو ان میں حافظ اختر علی صاحب 31-12-2010، جناب مفتی کفایت اللہ صاحب 31-12-2010، نصیر محمد خان میداد خیل صاحب 31-12-2010 تا 04-01-2011، پرنس جاوید صاحب 31-12-2010، جناب تاج محمد خان ترند صاحب 31-12-2010 تا 06-01-2011 اور جناب جاوید عباسی صاحب نے 31-12-2010 جبکہ حاجی منور خان ایڈوکیٹ صاحب نے 30-12-2010 و 31-12-2010 کیلئے رخصت طلب کی ہے تو Is it the desire of the House that the leave may be granted?

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The leave is granted.

آج کی جو درخواستیں موصول ہوئی ہیں تو ان معزز اراکین میں ثناء اللہ میاخیل صاحب 03-01-2011 تا 07-01-2011، اسرار اللہ خان گنڈاپور صاحب 03-01-2011، جناب قلندر خان لودھی صاحب 03-01-2011، وجیہہ الزمان صاحب 03-01-2011، ڈاکٹر ذاکر اللہ خان 03-01-2011، سکندر حیات خان شیرپاؤ 03-01-2011، ارباب محمد ایوب جان صاحب 03-01-2011، جناب عنایت اللہ خان جدون صاحب 03-01-2011، محمد جاوید عباسی صاحب 03-01-2011، ڈاکٹر اقبال دین فنا صاحب 03-01-2011، قیصر ولی خان صاحب 03-01-2011 اور شاہ حسین صاحب نے 03-01-2011 تا 07-01-2011 تو Is it the desire of the House that the leave may be granted?

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The leave is granted.

جناب عطیف الرحمان: سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: اودریږئ جی، یو منټ۔

جناب سپیکر کی جانب سے اعلان

جناب سپیکر: معزز اراکین اسمبلی! چیئر پرسن بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام محترمہ فرزانہ راجہ کل بروز منگل 4 جنوری 2011ء کو صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا تشریف لا رہی ہیں، وہ کل دوپہر ایک بجے اراکین اسمبلی کو بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام سے متعلق ایک بریفنگ دیں گی، چونکہ یہ پروگرام خالصتاً سیاسی و جماعتی وابستگیوں سے بالاتر ہے اور اس کا مقصد بلاامتیاز ہر مستحق کو امداد فراہم کرنی ہے، آپ کا تعلق بھی اپنے حلقوں کے زیادہ تر غریب لوگوں سے ہے، جس کے باعث تمام ممبران صاحبان اور صحافی برادری سے پابندی وقت کے ساتھ اس پروگرام میں شرکت کی استدعا کی جاتی ہے۔ ایک اور بہت اہم Pending demand ہے فوٹوگرافی کی تو ہمارے آنریبل ممبرز جتنے بھی ہیں اور وزراء صاحبان بھی سب خصوصی طور پہ کل موجود ہوں، کیونکہ یہ فوٹوگرافی جو بہت پہلے ہونا چاہیئے تھی، آج ہمارے بہت معزز اراکین ہم سے رخصت ہو چکے ہیں تو کل کا دن فوٹوگرافی کیلئے مقرر ہے۔

جناب بشیر احمد بلور {سینئیر وزیر (بلدیات)}: سپیکر صاحب! ہم درخواست کرتے ہیں کہ کل ہمارے دو تین پروگرامز ہیں، ہم موجود نہیں ہونگے، وزیر اعلیٰ صاحب بھی موجود نہیں ہیں، پہلے ذرا آپ ہمیں حکم کریں کہ ہم پہلے اپنی کیبنٹ کو پورا کریں تو پھر فوٹوگرافی، دیکھیں اب 5 تاریخ کو وزیر اعلیٰ صاحب کوہستان جا رہے ہیں اور ہم سب جا رہے ہیں، کل ہمارے اپنے فنکشنز ہیں تو میری ریکویسٹ ہو گی کہ اگر آپ ہمیں کوئی ٹائم دے دیں، ایک دو دن کا ٹائم دے دیں تو ہم سب اکٹھے ہو کر موجود ہونگے۔

جناب سپیکر: تو یہ تو باہر سے یعنی ابھی اسلام آباد سے ان کا پروگرام، شیڈول آیا ہے۔

سینیئر وزیر (بلدیات): فوٹوگرافی تو آپ ایم پی ایز کی کرنا چاہتے ہیں نا، وہ تو بے شک آئیں، ان کے ساتھ فوٹوگرافی کرائیں، مگر آپ اگر ایم پی ایز کی اور موجودہ اسمبلی کی کرانا چاہتے ہیں تو میری درخواست ہو گی کہ دو تین دن کا ٹائم دے دیں۔

جناب سپیکر: تمام ہاؤس کی فوٹوگرافی بھی، کل خیال تھا کہ سب موجود ہوں گے۔

سینیئر وزیر (بلدیات): نہیں جی، کل میری دو میٹنگز ہیں، تقریباً میجارٹی وزراء وہاں ہونگے، پھر پرسوں کریں، ہم کوہستان جا رہے ہیں-----

جناب سپیکر: تو پھر کل اجلاس نہ کریں؟

سینیئر وزیر (بلدیات): نہیں، آپ اجلاس تو کریں گے انشاء اللہ مگر یہ ہے کہ-----

جناب سپیکر: تو تمام وزراء جب موجود نہیں ہونگے تو کس کا اجلاس کرونگا؟

سینیئر وزیر (بلدیات): سر! ہم کوشش کریں گے کہ میجارٹی موجود ہوں، ایک دو چار منسٹرز نہیں ہونگے تو میری ریکویسٹ یہ ہے کہ اگر آپ یہاں پر فوٹو گرافی کرانا چاہتے ہیں تو چاہیئے کہ یہ سب لوگ موجود ہوں، میری یہ ریکویسٹ ہے اور باقی آپ کی مرضی ہے، آپ ہاؤس کے مالک ہیں جو کہیں آپ کی مرضی ہے۔

جناب سپیکر: نہیں، میں تو آپ کی۔۔۔۔

میاں افتخار حسین (وزیر اطلاعات): سرا بشیر خان وائی، ریکویسټ دے نو کله کله خو سړے گزاره کوی کنه او په دوه ورځو کښے څه قیامت خو نه راځی۔

مفتی کفایت اللہ: جناب سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: جی۔

مفتی کفایت اللہ: زهٔ یو گزارش کومه جی، سبا زمونږ د DDAC Chairman د مانسهرے ضلعے ټول ممبران بللی دی، مونږ شپږ کسان یو جی نو یا خو۔۔۔۔

جناب سپیکر: نو ستاسو سبا جوړے اراده خرابه دی؟ چھٹئ ته۔۔۔۔

مفتی کفایت اللہ: نه داسے ده، که د مخکښے نه پته وے نو مونږ به هغه اجلاس ملتوی کړے وو۔

جناب سپیکر: نو چه شپږ تنه تاسو نه یئ او شپږ اته هغوی نه وی نو بیا به هاؤس ته څوک۔۔۔۔

مفتی کفایت اللہ: ما دا وئیل چه که تاسو دے فوټوګرافئ له یو بل ټائم اوښایئ، داسے نه چه یو ملګرے پکښے غیر حاضر وی نو بیا د هغے اثر ښه نه وی او دا په اول ځل باندے مونږ د بشیر خان سره اتفاق کوؤ، اومنئ ئے جی خیر دے۔

جناب سپیکر: آپ کی مرضی ہے جی، جس طرح آپ لوگ کہیں گے، ہم اسی طرح چلائیں گے، پھر فوٹو گرافی کیلئے آپ خود Date دے دیں، جس دن آپ سب موجود ہوں۔ جناب آنریبل خوشدل خان صاحب، ڈپٹی سپیکر۔۔۔۔

جناب عطیف الرحمان: جناب سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: او د ریړه، دوئ پسے بیا اووایئ جی، اوس مے دوئ له فلور ورکړو۔

تحاریک التواء

Mr. Speaker: Mr. Khushdil Khan Advocate Deputy Speaker, to please move his adjournment motion No. 230 in the House.

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ (ڈپٹی سپیکر): Thank you, Mr. Speaker۔ اسمبلی کی کارروائی روک کر ایک اہم اور مفاد عامہ کے موضوع پر بحث کرنے کی اجازت دی جائے اور وہ یہ کہ پورے صوبے میں بالعموم اور پشاور کے مضافات میں بالخصوص بجلی کی ناروالوڈشیڈنگ سے زندگی مفلوج ہو کر رہ گئی ہے۔ عوام انتہائی پریشان ہیں اور مشکلات سے دوچار ہیں۔ لوگ تنگ ہو کر سڑکوں پر آجاتے ہیں، جس سے مشکلات مزید بڑھ جاتی ہیں۔ Unschedule Load shedding کو روکنے کیلئے اس پر بات کی اجازت دی جائے تاکہ اس کا کوئی حل نکالا جائے۔

جناب سپیکر صاحب، دا تاسو ته معلومات دی چه نن سبا د بجلئ ډیر زیات بحران دے او ډیر خلق ورنه تنگ دی او روزانه به تاسو اخبارونه گورئ چه سټرائیکونه کیږی او روډونه بندیږی نو دا یوه ډیره اهم ایشو ده او په دے باندے مطلب دا دے د هاؤس نه تپوس اوکړئ چه دا ایډمټ کړی او په دے باندے Detailed بحث اوشی چه آیا حکومت څه میکنزم دغه کړی ځکه چه ډیر زیات تکالیف دی، په چوبیس گهنټو کښے اتهاره گهنټے هم نه وی او زما په حلقه کښے خو خاص زهٔ به دا اووایم چه درے درے ورځے نه وی او خلق اوس دا وائی چه مونږ مونځونه بے اودسه شروع کړی دی ځکه چه د یو بجلئ سره، په بجلئ باندے جماعت چلیږی، حجره پرے چلیږی، کور پرے چلیږی، سکول پرے چلیږی یعنی د دے سره ټول Life suffer شوے دے او Suffer کیږی نو لهذا دا یو Important issue ده نو دا ایډمټ کړئ د بحث د پاره۔ تهینک یو سر۔

جناب سپیکر: جناب مفتی جانان صاحب! تاسو هم دغه شان یو دغه راوړے دے نو که دا کال اټینشن هم اووایئ نو دواړه به لف کړو۔

مفتی سید جانان: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ ایوان کی معمول کی کارروائی روک کر مجھے ایک اہم مسئلے پر بحث کرنے کی اجازت دی جائے، وہ یہ کہ واپڈا اہلکاروں نے پورے صوبے، خاصکر ضلع ہنگو کی تحصیل ٹل کے غم زدہ اور پریشان حال عوام کے ساتھ جو ظالمانہ رویہ اختیار کر رکھا ہے، وہ قابل مذمت ہے اور فوری طور پر

قابل اصلاح ہے، کیونکہ پوری شب وروز میں بجلی اکثر غائب رہتی ہے اور جب موجود ہوتی ہے تو اس کی وولٹیج انتہائی کم ہوتی ہے، جس کی وجہ سے زرعی زمین بنجر، مسجد پانی نہ ہونے کی وجہ سے ویران اور گھریلو استعمال کیلئے ڈول اور راڈ کا استعمال شروع ہے۔ واپڈا کے اعلیٰ حکام کے علم میں ہے کہ میں یہ بات ان کو متعدد بار کہہ چکا ہوں مگر انہوں نے ابھی تک اس مسئلے کو حل کرنے میں سنجیدگی نہیں دکھائی ہے۔ اگر اس مسئلے کو حل کرنے کی کوشش نہ کی گئی تو خدانہ کرے، یہ کسی بھی وقت واپڈا اور عوام کے درمیان تصادم کا باعث بن سکتا ہے، لہذا صوبائی حکومت اس مسئلے کو حل کرنے کیلئے واپڈا حکام کو فوری طور پر احکامات جاری کرے۔

زۂ جی لږ غوندے تفصیل د دے بیانوم۔ هغه ورځ جی تاسو د واپډے د چیف ولی خان صاحب سره دلته کښے خبره کړے وه، زۂ نن دفتر ته ورغلے یم جی، هغوی ته مو دا وئیلی وو چه که ستاسو د دے بل مسئله وی، مونږ تاسو سره مکمل تعاون کوؤ، مونږ مکمل تاسو سره یو، خلق درته کښینوؤ خو چه په کومه طریقه باندے، ملګری د جی لږه توجه راکړی۔

جناب سپیکر: دا لږه توجه ستاسو پکار ده جی، دا دومره اهم ایشو ده۔

سینئیر وزیر (بلدیات): سپیکر صاحب! لږ مونږ هم دے باره کښے بحث کولو۔

جناب سپیکر: او کنه تاسو به جواب ورکوئ جی، زما ممبر صاحب ته۔

مفتی سید جانان: تاسو ته مو جی لکه چه څنګه خبره اوکړه، په هغه ورځ جی دغه ځائے کښے کرک والا دوه ممبران صاحبان وو، یو زۂ ووم جی۔ مونږ خو چیف صاحب سره خبره اوکړه خو د هغے باوجود څه اونه شول۔ نن زۂ جی دفتر ته ورغلم، هغه ځائے نه مے ایکسچینج ته ټیلی فون اوکړلو چه مفتی صاحب به تا سره هر قسمه تعاون کوی خو مونږ جی داسے یو، یقین اوکړئ دغه واړه لائټونه دا زړے زمانے والا هم نه بلیږی جی، دغه خود پریږدئ او واپډے والا لاړ شی بغیر د اطلاع نه، مطلب دا دے د کلو نه بجلی کټ کوی، خلق راشی او هلته لوئے انتشار جوړ شی نو زۂ دا تاسو ته ګزارش کوم چه دا کله هم د خلقو، د عوامو او د واپډے په مینځ کښے تصادم او د جهګړے سبب جوړیدے شی، د دے نوټس واخلئ جی۔ مهربانی۔

جناب سپیکر: جی آنریبل رحیم داد خان صاحب، سینیئر وزیر صاحب۔

جناب رحیم داد خان {سینیئر وزیر (منصوبہ بندی): جناب سپیکر، دا یو اهم مسئله ده، یو خو دا خبره ده چه د بجلئ پیداوار ډیر کم دے، 7000 میگاواټ Requirement دے او په مشکله 3000 میگاواټ بجلی پیدا کیږی۔ بله خبره دا ده چه ډیرو ځایونو کښے کنډے اچولے کیږی، په هغے سره کوم صحیح خلق چه دی، بلونه ورکوی نو هغه هم Suffer کیږی، هغه یو لائن وی او خوشدل خان خبره اوکړه چه یره ډیر مونځونه مونږه بے اودسه اوکړل نو ما ته یوه قصه رایاده شوه، په یو کلی کښے به خلقو مونځ نه کولو، ملا صاحب راغے او ورته ئے اووئیل چه یره دا مونځ ولے نه کوئ نو هغوی ورته اووئیل چه یره دا اودس گران دے، نو هغه وئیل راځئ بے اودسه مونځ کوئ۔ (قہقہے) بیا څه موده هغه وو، بل مولانا صاحب راغے او هغه ورته وئیل ظالمانو! تاسو کافر کیږئ، بے د اودس نه مونځ کوئ نو هغوی ورته وئیل هغه مخکښے مولانا صاحب وئیل چه یره داسے مونځ کوئ نو دے په هغه مولانا صاحب پسے لاړو چه دا د څه کړے دی نو هغه ورته وئیل چه یره خلقو مونځ نه کولو نو ما بے اودسه په مونځ راړولی دی، تۂ ئے اوس په اودس باندے راواړوه نو په دے دغه باندے چه دا اهم ایشو ده، زمونږ پرے څه اعتراض نشته، په دے د بحث اوشی جی۔

Mr. Speaker: Is it the desire of the House that the adjournment motions moved by the honourable Deputy Speaker and the honourable Member may be admitted for detail discussion under rule 73? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The adjournment motion is admitted for detail discussion under rule 73.

توجہ دلاؤ نوٹس

Mr. Speaker: Mr. Muhammad Ali Khan honourable Member, to please move his call attention notice No. 435.

جناب محمد علی خان: جناب سپیکر، پچھلے سال اس اسمبلی کے فلور پر وزیر قانون صاحب نے یقین دلایا تھا کہ پشاور چارسدہ روڈ کی کشادگی اور بحالی کو آئندہ سال کے اے ڈی پی میں شامل کیا جائے گا مگر اس سال کے

اے ڈی پی میں پشاور چارسدہ روڈ کی کشادگی اور بحالی کیلئے کوئی فنڈ نہیں ہے۔ یہ روڈ ضلع پشاور، ضلع چارسدہ، مہمند ایجنسی، باجوڑ ایجنسی، ضلع لوئر دیر اور افغانستان کی ٹریفک کیلئے استعمال ہو رہی ہے۔ ہیوی ٹریفک کیلئے یہ روڈ بہت کم ہے، چونکہ اب ممبران اسمبلی اور وزراء چارسدہ کو موٹروے کے ذریعے آتے جاتے ہیں، اسلئے اس روڈ کی اہمیت نظر انداز کی جارہی ہے۔

جناب سپیکر، په دے روډ باندے خنګه چه ما اووئیل دا باجوړ، د مهمند، د پیښور او د چارسدے Even چه د لوئر دیر د علاقے خلق او ګاډی هم پرے ځی، افغانستان ته پرے بے انتها ټریفک روان دے، لوئے لوئے ټریلرے پرے روانے دی خو سړک هم هغه رنګ دے کوم چه جوړ شوے دے نو هم هغه سړک دے۔ تیر کال ما وئیلی وو، لاء منسټر صاحب ما ته یقین راکړے وو په دے فلور باندے چه دا به انشاء الله په راتلونکی کال کښے دغه کړو خو هیڅ بندوبست ئے اونه شو۔ ممبران صاحبان زمونږ د چارسدے چه کوم دی، هغوی خو په موټر وے ځی راځی، منسټران هم ځی، ټول افسران پرے هم ځی او دیخوا توجه نشته۔ زهٔ تاسو ته درخواست کوم او ستاسو په ذریعه دے حکومت ته اپیل کوم چه د چارسده روډ د دے آفت نه د مونږ خلاص کړی۔ د پیښور نه تر خزانے مل پورے سفر کول ډیر زیات مشکل شوے دے جی، ډیر زیات مشکل دے، هر وخت ټریفک بند وی، د پنڈره منټ لار ده، د دس منټ، یوه نیمه ګهنټه او ګهنټه پرے لګی۔ زهٔ دوئ ته وایمه چه په دے مد کښے څه اوکړی، که په Non ADP کښے دا پروګرام وی، هر څه طریقه وی خو د خدائے د پاره ئے اوکړئ۔

جناب سپیکر: جناب آنریبل لاء منسٹر صاحب! واقعی کل میں خود بھی چارسدہ روڈ سے آیا ہوں، Flood damages کا جو پورشن ہے، میں نے رات کو وزیراعلیٰ صاحب سے بھی بات کی کہ کم از کم اس کے Shoulders تو بھرے جائیں اور جو کٹا ہوا پورشن ہے، وہ بہت ضروری ہے تو انہوں نے تو یقین دہانی اس کی کرادی لیکن یہ جو پورشن ہے، آپ نے Last year وہ کروایا تھا، یقین دہانی کروائی تھی-----

جناب اورنگزیب خان: پوائنٹ آف آرڈر، جناب سپیکر صاحب۔

بیرسٹر ارشد عبداللہ (وزیر قانون): یہ اس طرح ہے جی کہ-----

جناب سپیکر: یہ آنریبل ممبر صاحب بتا رہے ہیں-----

وزیر قانون: جی جی۔

جناب سپیکر: توآپ اس پرذراوہ کرلیں،آنریبل لاء منسٹر صاحب۔

وزیر قانون: جی جی۔

جناب اورنگزیب خان: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: دا کال اٹینشن دے جی، پہ دے باندے د موؤر نہ علاوہ بل سړے دغہ نہ شی کولے او اورنگزیب خان! تاسو لہ بہ بلہ موقع درکړو جی۔

وزیر قانون: داسے دہ جی، دا پرابلم بالکل شتہ، دا پرابلم پہ یونیورسٹی روډ باندے هم شتہ، دا پرابلم پہ جی ټی روډ باندے هم شتہ او دا ټول د حکومت او بیا خصوصی د سی اینډ ډبلیو، لوکل گورنمنټ، پی اینډ ډی ډیپارټمنټ او د فنانس پہ دے باندے میټنگز شوی دی او د دے د پارہ مختلف پلانز جوړ شوی دی خو تاسو ښہ خبر یئ جی چہ یرہ د دے سیلاب د لاسہ زمونږ ټول Annual development program هم فریز شوے دے، کہ هغہ هم نہ وی خو د پیښور د پارہ بیا خصوصی دے ځل، دا Over heads دی پکښے او بیا Specially د دے دغہ نہ واخلہ، د اسمبلئ نہ واخلہ، د جیل نہ واخلہ تر باچا خان بابا چوک پورے انشاء اللہ د فلائی اوور پروگرام شتہ، داسے نور د دے روډونو د کشادگئ پروگرامونہ شتہ خو لږ د سیلاب د لاسہ حالات ټهیک نہ دی نو انشاء اللہ راتلونکی وخت کښے بہ کہ خیر وی، ځکہ دا دے ټولے صوبے تہ پرابلم دے، دا ټولو کښے اهم روډ دے نو خامخا د گونمنټ سرہ احساس هم شتہ او انشاء اللہ خپل کوشش بہ کوی راتلونکی وخت کښے۔

جناب سپیکر: شکریہ۔

جناب محمد علی خان: پہ څومرہ وخت کښے بہ ئے سپیکر صاحب،۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی۔

جناب محمد علی خان: پہ دے روان کال کښے بہ ئے اوکړی، لږ ټائم د راتہ اوښائی؟

جناب سپیکر: دا جی وائی چہ (قہقہہ) سږ کال بہ پرے کار شروع کړی کنہ؟ هغہ وائی چہ اوږی تہ پہ تالی کښے هم لرے ښکاری۔

<u>وزیر قانون</u>: یره جی، کوشش زمونږ دے چه خدائے پاک د اوکړی څکه چه ډیر تکلیف دے، کوشش به وی انشاء اللہ خو څه Definite time frame نه شم ورکولے او انشاء اللہ کوشش کوؤ چه خدائے پاک ئے جوړ کړی۔

مسودہ قانون (ترمیمی) بابت خیبر پختونخوا فنانس مجریہ 2010ء کا زیر غور لایا جانا

<u>Mr. Speaker</u>: Ji. The honourable Minister for Law, to please move that the Khyber Pakhtunkhwa Finance (Amendment) Bill, 2010 may be taken into consideration at once.

<u>Minister for Law:</u> I request this honourable House to consider the Khyber Pakhtunkhwa Finance (Amendment) Bill, 2010. Thank you ji.

<u>Mr. Speaker:</u> The motion before the House is that the Khyber Pakhtunkhwa Finance (Amendment) Bill, 2010 may be taken into consideration at once? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

<u>Mr. Speaker:</u> The 'Ayes' have it. 'Consideration Stage': Since no amendment has been moved by any honourable Member in Clauses 1 to 3 of the Bill, therefore, the question before the House is that Clauses 1 to 3 may stand part of the Bill? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against if may say 'No'.

<u>مفتی کفایت اللہ</u>: دے وخت کښې نور نه دغه کیږی؟

<u>جناب سپیکر</u>: نہیں، یہ تین ہی کلاز ہیں۔

<u>مفتی کفایت اللہ</u>: یہ تین ہی بس آئی ہیں؟

<u>جناب سپیکر</u>: صرف تین ہی ہیں۔ Those who are against it may say 'No'?

(The motion was carried)

<u>Mr. Speaker:</u> The 'Ayes' have it; Clauses 1 to 3 stand parts of the Bill.

<u>وزیر قانون</u>: جناب سپیکر!

<u>جناب سپیکر</u>: جی۔

<u>وزیر قانون</u>: ما په دیکښې امنډمنټ کول غوښتل۔

<u>جناب سپیکر</u>: اوس خو اوشو، بس تیر شو، پکښې تا سو نه وئ-----

وزیر قانون: زۂ لږ لیټ شوم، ما پکښې امنډمنټ کولو خو څه بس اوس پکښې، دیکښې لږ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: دا خو به تاسو Written را لیږلې چه ټول هاؤس ته هغه Put شی کنه۔

وزیر قانون: ښه جی، څه ټهیک شوه جی، صحیح ده، صحیح ده، ټهیک ده۔

جناب سپیکر: چیئر ته یواځې نه، دې ټول هاؤس هر یو ممبر ته هغه رسول غواړی، څه ضروری ترمیم وی نو سبا ئې پکښې راوړئ کنه جی خو چه نن پاس شی، بیا خو به نه کیږی، دا امنډمنټ څه دې، تاسو خو ئې اووایئ لږ۔

وزیر قانون: نه دومره خاص نه دې، دیکښې صرف Technically یا Legally speaking، دا Provided further پکښې مونږ ورکوؤ، هغه چونکه دا 2nd proviso دې نو دومره اهم نه دې، ټهیک ده، خیر دې څه دغه نشته پکښې۔

جناب سپیکر: که دومره دغه دې، دا خو زمونږ سیکرټریټ به ئې هم، مونږ به ئې هم، سیکرټریټ به ئې هم راولی۔

وزیر قانون: او جی، دا سې ټهیک ده۔

جناب سپیکر: ښه جی۔

مسودہ قانون (ترمیمی) بابت خیبر پختونخوا فنانس مجریہ 2010ء کا پاس کیا جانا

Mr. Speaker: 'Passage Stage': Now the honourable Minister for Law, to please move that the Khyber Pakhtunkhwa Finance (Amendment) Bill, 2010 may be passed.

Minister for law: I request this august House to pass the Khyber Pakhtunkhwa Finance (Amendment) Bill. Thank you, ji.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the Khyber Pakhtunkhwa Finance (Amendment) Bill, 2010 may be passed? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The Bill is passed.

مسودہ قانون بابت اقراء نیشنل یونیورسٹی مجریہ 2010ء کا زیر غور لایا جانا

Mr. Speaker: The honourable Minister for Higher Education Khyber Pakhtunkhwa, to please move that the Iqra National University Bill, 2010 may be taken into consideration at once.

قاضی محمد اسد خان (وزیر برائے اعلیٰ تعلیم): جناب سپیکر، یہ ایک 'کمٹمنٹ' میں نے فلور آف دی ہاؤس کی تھی، دو آنریبل ممبرز کے ساتھ، عبدالاکبر خان اور اسرار اللہ خان گنڈاپور کے ساتھ کہ اس بل پر ہم آپس میں بیٹھ کر بات کریں گے تو میں یہ ایک موشن پڑھنا چاہتا ہوں تاکہ اس کو ہم سلیکٹ کمیٹی کو بھیج دیں جی۔

جناب سپیکر: جی پلیز۔

Minister for Higher Education: Sir, I beg to move that the Iqra National University Bill, 2010 may be referred to the Select Committee, comprising the following honourable Members:

1. Mr. Abdul Akbar Khan;
2. Mr. Israrullah Khan Gandapur;
3. Mr. Sikandar Irfan Khan; and
4. Dr. Iqbal Din.

The quorum of the Select Committee-----

جناب سپیکر: نه نه، دا به دوئ بنائی که نه مونږ به ئے کوؤ، موشن کښے به ئے دوئ بنائی چه کوم رولز کښے Specific دی، هغه به مونږ بنایو؟ جی آنریبل منسټر صاحب۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سر، اس میں صرف میری یہ ریکویسٹ تھی کہ یہ کمیٹی اپنی رپورٹ پندرہ دن کے اندر اندر جمع کرادے جی۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the Iqra National University Bill, 2010 may be referred to the Select Committee? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The Bill is referred to the Select Committee, comprising the following honourable Members:

1. Mr. Abdul Akbar Khan;
2. Mr. Israrullah Khan Gandapur;
3. Mr. Sikandar Irfan Khan; and

4. Dr. Iqbal Din.

The quorum of the Select Committee shall be three. The Committee shall submit its report to the Assembly within fifteen days. The sitting is adjourned till 10:00 A.M of tomorrow morning.

اور جو پروگرام پہلے میں آپ کو سنا چکا ہوں، Kindly اپنی موجودگی کو یقینی بنائیں۔ تھینک یو، جی۔

(اسمبلی کا اجلاس بروز منگل مورخہ 04 جنوری 2011ء صبح دس بجے تک کیلئے ملتوی ہو گیا)